رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **العقیدۃ+السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اللہ تعالیٰ نے خلق کی ہدایت کے لئے جن پاک بندوں کو اپنے احکام پہنچانے کے واسطے بھیجا ان کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) مقرب فرشتہ (ب) فرشتہ (ج) نبی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: انبیاء علیہم السلام وہ۔۔۔ ہیں جن کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی آتی ہے۔

(الف) فرشتے (ب) نورانی مخلوق (ج) بشر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: انبیاء علیہم السلام کا۔۔۔ سب اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں۔

(الف) نام، نسب، جسم (ب) قول، فعل (ج) حرکات، سکنات (د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر 4: نبوّت بہت بلند اور بڑا مرتبہ ہے۔ کوئی شخص۔۔۔ وغیرہ سے حاصل نہیں کر سکتا۔

(الف) عبادت (ب) صدقہ (ج) اعمال صالحہ (د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر 5: نبی کی فرمانبرداری۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) اہم

سوال نمبر 6: جو نئی شریعت لائے ان کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) فرشتہ (ب) مقرب فرشتہ (ج) نبی (د) رسول

سوال نمبر 7: اللہ تعالیٰ نے۔۔۔ کو اپنی قدرت کاملہ سے بغیر ماں باپ کے پیدا کیا اور انہیں اپنا خلیفہ بنایا۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت صالح علیہ السلام

سوال نمبر 8۔۔۔ غیر نبی کے پاس نہیں آتی، جو اس کا قائل ہو وہ کافر ہے۔

(الف) وحی (ب) وحی نبوّت (ج) الہام (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر 9: انبیاء علیہم السلام کے علاوہ۔۔۔ بھی معصوم ہیں۔

(الف) حضرت جبرائیل علیہ السلام (ب) حضرت میکائیل علیہ السلام (ج) حضرت اسرافیل علیہ السلام (د) تمام فرشتے

سوال نمبر 10: جو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہو اور اس وجہ سے اس کا گناہ کرنا ناممکن ہو اس کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) حافظ (ب) محفوظ (ج) عاصم (د) معصوم

سوال نمبر 11: وہ عجیب و غریب کام جو عادتاً ناممکن ہو، اگر نبوت کا دعویٰ کرنے والے سے اس کی تائید میں ظاہر ہو تو اس کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) معونت (ب) معجزہ (ج) کرامت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر 12: حضور ﷺ نے انبیاء علیہم السلام کی امامت۔۔۔ میں فرمائی؟

(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) بیت المقدس (د) بیت اللحم

سوال نمبر13:۔۔۔عیسوی کے اپریل کی 20 تاریخ تھی جب حضور ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

(الف) 271ء (ب) 371ء (ج) 471ء (د) 571ء

سوال نمبر14: حضور ﷺ کا پہلا شق صدر قبیلہ۔۔۔میں ہوا۔

(الف) اوس (ب) خزرج (ج) ہمدان (د) بنو سعد

سوال نمبر15: جب حضور ﷺ کی عمر مبارک 8 سال کی ہوئی تو آپ ﷺ اپنے چچا۔۔۔کے گھران کی کفالت میں آئے۔

(الف) ابوطالب (ب) عباس (ج) حمزہ (د) عبدالکعبہ

سوال نمبر16: نسطورا راہب حضور ﷺ کو دیکھ کر کہنے لگا کہ مجھے ان میں وہ تمام نشانیاں نظر آرہی ہیں جو میں نے۔۔۔میں پڑھی ہیں۔

(الف) صحیفوں (ب) توریت (ج) انجیل اور صحیفوں (د) توریت اور زبور

سوال نمبر17: ملک شام کے راہب نے حضور ﷺ کے چہرۂ مبارک کی کس چیز کی علامت معلوم کرکے کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ ہیں؟

(الف) پیشانی مبارک (ب) لب مبارک (ج) رخسار مبارک (د) آنکھوں کی سرخی

سوال نمبر18: حضرت۔۔۔رضی اللہ عنہ کے گلے میں رسی باندھ کر بازاروں میں گھسیٹا جاتا۔

(الف) بلال (ب) خبّاب (ج) عمّار (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر19: حضور ﷺ کے والدین کریمین رضی اللہ عنھما کے وصال کے بعد آپ کی پرورش۔۔۔کے یہاں ہوئی۔

(الف) چاچا (ب) داداجان (ج) خالو (د) خالہ

سوال نمبر20: حضرت خدیجہ کا نسب۔۔۔واسطوں سے حضور ﷺ سے ملتا ہے۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: جب حضور ﷺ کی شادی مبارک حضرت خدیجہ سے ہوئی تو آپ ﷺ کے چچا۔۔۔نے نکاح کا خطبہ پڑھا۔

(الف) حضرت حمزہ (ب) حضرت عباس (ج) ابوطالب (د) الزبیر

سوال نمبر22: حبشہ کا بادشاہ نجاشی۔۔۔دین پر تھا۔

(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) بدھ مت (د) مجوسی

سوال نمبر23: اعلان نبوّت کے پانچویں سال گیارہ مرد اور چار عورتوں کے ایک قافلے نے حبشہ کی طرف ہجرت کی اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) عقبۂ اولی (ب) ہجرت انصار (ج) ہجرت اولیٰ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24:۔۔۔سال تک تمام بنو ہاشم شعب ابی طالب کی گھاٹی میں محصور رہے۔

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 5

سوال نمبر25: اعلان نبوّت کے دسویں سال کا نام عام الحزن۔۔۔کی وفات کی وجہ سے رکھا گیا۔

(الف) حضرت خدیجہ (ب) ابوطالب (ج) عبدالمطلب (د) حضرت خدیجہ اور ابوطالب